

# فتنہ غامدیت پر مکالمہ

ابو عمر
غلام مجتبیٰ مدنی

SABIYA VIRTUAL PUBLICATION

AMO
ABDE MUSTAFA OFFICIAL

# فتنۂ غامدیت پر مکالمہ

از قلم:

ابو عمر

غلام مجتبیٰ مدنی

SABIYA
VIRTUAL PUBLICATION

AMO
ABDE MUSTAFA OFFICIAL

# details

| | |
|---|---|
| کتاب یا رسالے کا نام | غامدیت پر مکالمہ |
| مصنف یا مؤلف | ابو عمر غلام مجتبی مدنی |
| موضوع | فتاوی، فقہ، تشریح حدیث |
| ناشر | SABIYA VIRTUAL PUBLICATION |
| ڈیزائننگ اور کمپوزنگ | PURE SUNNI GRAPHICS |
| سَنہ اشاعت | NOVEMBER 2022 (RABIUL AAKHIR 1444) |
| صفحات | 30 |

© All Rights Reserved.
SABIYA VIRTUAL PUBLICATION
POWERED BY ABDE MUSTAFA OFFICIAL
info@abdemustafa.in

SABIYA VIRTUAL PUBLICATION

AMO ABDE MUSTAFA OFFICIAL

بسم الله الرحمن الرحيم

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحمت والا ہے۔

فتنہ غامدیت پر مکالمہ

از قلم:
ابوعمر
غلام مجتبیٰ مدنی

# فہرست


| | |
|---|---|
| ناشر کی طرف سے کچھ اہم باتیں | 2 |
| انصار کے ہاں گانے کا رواج ہے | 6 |
| ابن ماجہ کی حدیث | 6 |
| علامہ ابو عبد اللہ قرطبی مالکی متوفی ٦٦٨ ھ فرماتے ہیں | 8 |
| مروجہ غنا کی حرمت میں تو کسی کا اختلاف ہی نہیں ہے | 8 |
| مزامیر کے ساتھ گانے کی منت | 8 |
| اجازت کس چیز کی مانگی؟ | 9 |
| مزامیر کے ساتھ قوالی اور شرائط | 9 |

| | |
|---|---|
| علامہ شوکانی کی عبارت | 11 |
| اس سے مراد گانا اور راگ ہے | 13 |
| بخاری شریف سے حدیث | 14 |
| دوم: | 16 |
| سنت کی تعریف | 17 |
| سنت میری مراد | 23 |
| سنت اور حدیث | 24 |
| سنتیں فقط ستائیس | 25 |
| سنت فقط روایاتِ ابراہیمی؟ | 25 |
| ہماری دوسری اردو کتابیں | 31 |

## ناشر کی طرف سے کچھ اہم باتیں

مختلف ممالک سے کئی لکھنے والے ہمیں اپنا سرمایہ ارسال فرمارہے ہیں جنھیں ہم شائع کر رہے ہیں۔ ہم یہ بتانا ضروری سمجھتے ہیں کہ ہماری شائع کردہ کتابوں کے مندرجات کی ذمہ داری ہم اس حد تک لیتے ہیں کہ یہ سب اہل سنت و جماعت سے ہے اور یہ ظاہر بھی ہے کہ ہر لکھاری کا تعلق اہل سنت سے ہے۔ دوسری جانب اکابرین اہل سنت کی جو کتابیں شائع کی جارہی ہیں تو ان کے متعلق کچھ کہنے کی حاجت ہی نہیں۔ پھر بات آتی ہے لفظی اور املائی غلطیوں کی تو جو کتابیں "ٹیم عبد مصطفی آفیشل" کی پیشکش ہوتی ہیں ان کے لیے ہم ذمہ دار ہیں اور وہ کتابیں جو ہمیں مختلف ذرائع سے موصول ہوتی ہیں، ان میں اس طرح کی غلطیوں کے حوالے سے ہم بری ہیں کہ وہاں ہم ہر ہر لفظ کی چھان پھٹک نہیں کرتے اور ہمارا کردار بس ایک ناشر کا ہوتا ہے۔

یہ بھی ممکن ہے کہ کئی کتابوں میں ایسی باتیں بھی ہوں کہ جن سے ہم اتفاق نہیں رکھتے۔ مثال کے طور پر کسی کتاب میں کوئی ایسی روایت بھی ہو سکتی ہے کہ تحقیق سے جس کا جھوٹا ہونا اب ثابت ہو چکا ہے لیکن اسے لکھنے والے نے عدم توجہ کی بنا پر نقل کر دیا یا کسی اور وجہ سے وہ کتاب میں آگئی جیسا کہ اہل علم پر مخفی نہیں کہ کئی وجوہات کی بنا پر ایسا ہوتا ہے۔ تو جیسا ہم نے عرض کیا کہ اگرچہ ہم اسے شائع کرتے ہیں لیکن اس سے یہ نہ سمجھا جائے کہ ہم اس سے اتفاق بھی کرتے ہیں۔

ایک مثال اور، ہم اہل سنت کے مابین اختلافی مسائل کی پیش کرنا چاہتے ہیں کہ کئی مسائل ایسے ہیں جن میں علمائے اہل سنت کا اختلاف ہے اور کسی ایک عمل کو کوئی حرام

کہتا ہے تو دوسرا اس کے جواز کا قائل ہے۔ ایسے میں جب ہم ایک ناشر کا کردار ادا کر رہے ہیں تو دونوں کی کتابوں کو شائع کرنا ہمارا کام ہے لیکن ہمارا موقف کیا ہے، یہ ایک الگ بات ہے۔ ہم فریقین کی کتابوں کو اس بنیاد پر شائع کر سکتے ہیں کہ دونوں اہل سنت سے ہیں اور یہ اختلافات فروعی ہیں۔ اسی طرح ہم نے لفظی اور املائی غلطیوں کا ذکر کیا تھا جس میں تھوڑی تفصیل یہ بھی ملاحظہ فرمائیں کہ کئی الفاظ ایسے ہیں کہ جن کے تلفظ اور املا میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ اب یہاں بھی کچھ ایسی ہی صورت بنے گی کہ ہم اگرچہ کسی ایک طریقے کی صحت کے قائل ہوں لیکن اس کے خلاف بھی ہماری اشاعت میں موجود ہوگا۔ اس فرق کو بیان کرنا ضروری تھا تاکہ قارئین میں سے کسی کو شبہ نہ رہے۔

**ٹیم عبد مصطفی آفیشل** کی علمی، تحقیقی اور اصلاحی کتابیں اور رسالے کئی مراحل سے گزرنے کے بعد شائع ہوتے ہیں لیکن اس کے باوجود ان میں بھی ایسی غلطیوں کا پایا جانا ممکن ہے لہذا اگر آپ انھیں پائیں تو ہمیں ضرور بتائیں تاکہ اس کی تصحیح کی جا سکے۔

SABIYA VIRTUAL PUBLICATION
POWERED BY
ABDE MUSTAFA OFFICIAL

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

امابعد!

ٹرین سکھر اسٹیشن کا پلیٹ فارم چھوڑ چکی تھی آہستہ آہستہ رفتار بڑھ رہی تھی اور کراچی کی جانب رواں دواں تھی میرے ساتھ جو دو لڑکے بیٹھے تھے شاید کسی یونیورسٹی کے اسٹوڈنٹس تھے، ایک نے اپنے موبائل فون پر تیز آواز سے گانے لگائے ہوئے تھے،

میں نے سلام کیا

وعلیکم السلام

میں نے کہا بھائی اگر اس کی آواز کچھ کم کردیں تو مہربانی ہوگی آپ کی، میں نے انتہائی نرم لہجے میں کہا،

اس نے گانا بالکل بند کرکے کہا کیا میں آپ کی مصروفیات جان سکتا ہوں؟ کافی نا مناسب سے انداز میں اس نے کہا،

جی میں مدرسہ میں پڑھاتا ہوں۔

کیا پڑھاتے ہیں آپ؟ درس نظامی،

اوہ اس کا مطلب آپ عالم ہیں؟

جی میں علماء کا خادم ہوں۔

آپ کے خیال میں گانا سننا یا گانا شرعاً کیسا ہے؟ اچانک اس طرح کے سوال پر میں

تھوڑا حیران ہو گیا،

ظاہر سی بات ہے مروجہ گانا حرام ہے

اچھا یہی امید تھی آپ سے

کیا مطلب آپکا؟

کیا آپ نے جاوید احمد غامدی صاحب کو پڑھا یا سنا ہے؟ جی لیکن زیادہ نہیں، اسی لیے تو آپ نے فورا گانے کو حرام کر دیا، اگر میں آپ سے اس کے حرام ہونے کی دلیل کا مطالبہ کروں تو شاید آپ آئیں بائیں شائیں کرنے لگ جائیں،

میں نے مسکرا کر کہا اچھا تو غامدی صاحب نے آپ کو اس کے جواز کے دلائل سمجھائے ہونگے؟

جی بالکل اور اس کو ناجائز اور حرام کہنا آپ جیسے دقیانوس خیالات رکھنے والے مولوی حضرات ہی کا کام ہے، ورنہ تو صرف غامدی صاحب ہی نہیں سابق امام کعبہ شیخ عادل الکلبانی کا کہنا ہے کہ موسیقی کے آلات اور گانا حرام نہیں ہے۔ اسی طرح کینیڈا میں مقیم مسلم مبلغ اور اسلامک انفارمیشن اینڈ دعویٰ مرکز کے صدر ڈاکٹر شبیر علی کے مطابق،،، قرآن میں موسیقی یا گانے کے حرام ہونے سے متعلق کوئی حکم موجود نہیں ہے جب کہ کسی مصدقہ حدیث میں بھی ایسے کسی حکم کی روایت نہیں ملتی" اس نے فاتحانہ انداز میں کہا

بھائی جان سابقہ یا حالیہ امام کعبہ کا صرف قول ہی حکم شریعت نہیں ہوتا، قران و حدیث، اجماع یا پھر کم سے کم مجتہد کا قول بیان کرتے تو بات میں وزن ہوتا، دوسری

بات کہ اگر کسی کو قران یا مصدقہ حدیث میں حکم نہیں ملتا تو اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ حکم موجود ہی نہیں ہے، میں نے جان چھڑانے کے انداز میں کہا لیکن وہ لڑکا گلے پڑنے والا تھا۔

## انصار کے ہاں گانے کا رواج ہے

دلیل کی بات کرتے ہیں تو دیکھیں ابن ماجہ شریف کی حدیث ہے کہ حضرت عائشہ نے ایک لڑکی کی شادی کی جس کی انصار میں قرابت تھی۔ آپ ﷺ نے کہا کاش تم ان کے ساتھ کوئی گانے والا بھیجتیں۔ انصار کے ہاں گانے کا رواج ہے۔

دیکھیں خود فرمان رسول ﷺ ہے کہ گانے والا ہوتا جو گاتا،

اس کی آواز کافی بلند ہو گئی،

## ابن ماجہ کی حدیث

میں نے ٹیبلیٹ نکالا اور ابن ماجہ کی حدیث سرچ کر کے دکھائی کہ یہ ہے مکمل حدیث مبارک:

| | |
|---|---|
| حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ | حضرت عبداللہ بن عبس سے |
| قَالَ: أَنْبَأَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ | روایت ہے کہ ام المومنین |
| قَالَ: أَنْبَأَنَا الْأَجْلَحُ، عَنْ أَبِي | حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ |
| الزُّبَيْرِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: | عنہا نے اپنی ایک رشتہ دار |
| أَنْكَحَتْ عَائِشَةُ ذَاتَ قَرَابَةٍ لَهَا | انصاری لڑکی کی شادی کی۔ رسول |
| مِنَ الْأَنْصَارِ، فَجَاءَ رَسُولُ اللَّهِ | اللہ ﷺ تشریف لائے اور فرمایا: |

| | |
|---|---|
| صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: «أَهْدَيْتُمُ الْفَتَاةَ؟» قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: «أَرْسَلْتُمْ مَعَهَا مَنْ يُغَنِّي»، قَالَتْ: لَا، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْأَنْصَارَ قَوْمٌ فِيهِمْ غَزَلٌ، فَلَوْ بَعَثْتُمْ مَعَهَا مَنْ يَقُولُ: أَتَيْنَاكُمْ أَتَيْنَاكُمْ فَحَيَّانَا وَحَيَّاكُمْ | تم لوگوں نے لڑکی کو رخصت کر دیا؟ انہوں نے کہا: جی ہاں۔ فرمایا: کیا تم نے اس کے ساتھ کسی کو بھیجا ہے جو گیت گائے؟ ام المومنین نے کہا: جی نہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: انصار لوگ گیت وغیرہ پسند کرتے ہیں۔ (بہتر ہوتا) اگر تم اس کے ساتھ (کسی کو) بھیجتے جو کہتا: (اتیناکم اتیناکم، فحیانا وحیاکم) ہم تمہارے پاس آئے ہیں۔ ہم تمہارے پاس آئے ہیں۔ ہمیں بھی مبارک، تمہیں بھی مبارک۔ |

اسی لیے تو میں نے کہا تھا کہ موجودہ مروجہ گانا حرام ہے جو گانا غیر شرعی، فحش کلمات، جذبات کو ابھارنے والے الفاظ عورتوں کے حسن و اوصاف پر مشتمل نا ہو اور ایسے کلمات بغیر موسیقی کے آلات کے مزامیر کے بغیر گائے جائیں تو جائز ہو سکتا ہے اور اسی طرح کے کلمات اس حدیث میں موجود ہیں ہم تمہارے پاس آئے ہیں۔ ہم تمہارے پاس آئے ہیں ہمیں بھی مبارک، تمہیں بھی مبارک۔

### علامہ ابو عبداللہ قرطبی مالکی متوفی ٦٦٨ ھ فرماتے ہیں

علامہ ابو عبداللہ قرطبی مالکی متوفی ٦٦٨ ھ فرماتے ہیں ایسا غناء جس سے دلوں میں تحریک پیدا ہوتی ہے، اس سے عشق میں جولانی پیدا ہوتی ہے، اس قسم کے اشعار میں عورتوں کا اور ان کے حسن کا ذکر ہو اور ان کی خوبیوں کا بیان ہو اور شراب اور دیگر محرمات کا ذکر ہو تو اس کے حرام ہونے میں کوئی اختلاف نہیں ہے کیونکہ یہ لہو ہے اور مذموم غنا ہے۔

### مروجہ غنا کی حرمت میں تو کسی کا اختلاف ہی نہیں ہے

اچھا ایک منٹ بیگ سے غامدی صاحب کی کتاب نکال کر دکھاتے ہوئے کہا ترمذی شریف کی حدیث ہے جو آپ کے مؤقف کے خلاف ہے،

## مزامیر کے ساتھ گانے کی منت

حضور ﷺ ایک غزوے سے واپس آئے تو ایک حبشی عورت جس نے مزامیر کے ساتھ گانے کی منت مانی تھی، اس نے حضور ﷺ کی اجازت سے گایا۔ (ترمذی)

دیکھیں موسیقی کے آلات سے گانے کی اجازت حدیث میں موجود ہے،

یہ حدیث تو آپ ناجائز ہونے کی دلیل دے رہے ہیں۔ اس نے پوچھا وہ کیسے ؟

بھائی جان اس حدیث میں کہا گیا کہ اجازت سے گایا جب جائز تھا تو اجازت کس چیز کی مانگی ؟

اس کا دماغ چکرا گیا کہ اسی کی دلیل اسی کے خلاف کیسے ہو گئی ؟

تب میں نے کہا جناب دراصل یہ حدیث گانے کے عدم جواز کے ساتھ ساتھ

اختیاراتِ مصطفیٰ ﷺ کی دلیل ہے۔

جیسا کہ حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ ایک کی شہادت دو شخصوں کے برابر قرار دینا، حضرت مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ الکریم کیلیے خاتونِ جنت کے نکاح میں ہوتے ہوئے دوسرا نکاح ناجائز قرار دینا یہ ان کی خصوصیات ہیں،

## اجازت کس چیز کی مانگی؟

اور یہ اس حدیث کے الفاظ سے ہی ظاہر ہو رہا ہے کیونکہ اگر مزامیر سے گانا جائز ہوتا تو اجازت کس چیز کی مانگی؟ اجازت مانگنا ہی اس بات کی دلیل ہے کہ مزامیر سے گانا گانا ممنوع ہے اسی لیے تو مالک شریعت سے اس کی اجازت مانگی جا رہی ہے

دوسرا لڑکا کہنے لگا جناب خود آپ کے بزرگان دین کی کافی لمبی فہرست ہے جو جائز قرار دے رہے ہیں بلکہ وہ خود سنتے تھے، دیکھیں امام غزالی علیہ الرحمۃ، علامہ شوکانی علیہ الرحمہ، شیخ عبدالحق محدث دہلوی اسے جائز کہتے ہیں، اور بھی بیسیوں نام ہیں،

میں مسکرا کر کہنے لگا جناب امام غزالی علیہ الرحمہ اور دیگر علماء اہلسنت نے جو جائز قرار دیا ہے وہ مشروط جائز قرار دیا ہے جس کا خلاصہ اس طرح ہے۔

## مزامیر کے ساتھ قوالی اور شرائط

* گانے کے بول اسلامی تعلیمات اور آداب کے خلاف نہ ہوں
* اسلامی تہذیب کے منافی کوئی بات شامل نہ ہو
* شراب، زنا کی رغبت نہ پائی جاتی ہو
* ادائی کا طریقہ اسلامی آداب کے مطابق شائستہ ہو

* جذبات کو (منفی طور پہ) بھڑکانے والا اہتمام نہ ہو
* زندگی کے دوسرے اہم کام ضائع نہ ہوں
* انسان مسلسل اپنے قلب وضمیر کو جھنجھوڑتا رہے اور جائزہ لیتا رہے کہ وہ ناجائز چیزوں کا مرتکب تو نہیں ہو رہا

ان شرائط پر پورا اترنے والے گانے کو جائز قرار دیا ہے،

آپ ہی بتائیں آج کل کے گانے کیا ان شرائط پر پورا اترتے ہیں؟ آپ نے صرف غامدی صاحب کو سنا ہے اصل کتاب نہیں دیکھی، اسی طرح اور جو بھی غامدی یا ان کے ہمنواؤں نے موسیقی کے جواز پر جو آحادیث محمول کرنے کی سعی غیر جمیل کی ہے حقیقت میں وہ انہی شرائط کے مطابق کے نغمات کی آحادیث ہیں جیسا کہ

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) غزوہ خندق کے دن مٹی کھود رہے تھے حتیٰ کہ آپ کے پیٹ پر خاک لگ گئی تھی اور آپ یہ منظوم کلام پڑھ رہے تھے:

والله لو لا الله ما اهتدينا ولاتصدقنا ولاصلينا

اللہ کی قسم اگر اللہ ہدایت نہ دیتا تو ہم ہدایت نہ پاتے اور نہ ہم صدقہ دیتے اور نہ نماز پڑھتے

فانزلن سكينة علينا وثبت الاقدام ان لاقينا

پس تو ہم پر طمانیت نازل فرما اور دشمن کے مقابلہ کے وقت ہم کو ثابت قدم رکھ

ان الا ولی قد بغواعلینا ان اوردو افتنة بینا ابینا
بے شک پہلوں نے ہمارے خلاف بغاوت کی اگر وہ ہم کو فتنہ میں
ڈالنے کا ارادہ کریں گے تو ہم انکار کریں گے

اور رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ابینا ابینا کا تکرار کرتے اور اس پر آواز کو بلند فرماتے۔

## علامہ شوکانی کی عبارت

اسی مفہوم پر علامہ شوکانی کی عبارت مشتمل ہے جس کا حوالہ آپ نے دیا تھا میں نے پھر ٹیبلٹ سے کتاب نکال کر عبارت دکھائی۔

نیل الاوطار(۱۰۶/۶) ’’باب الدف واللھو‘‘ میں لکھتے ہیں:

| | |
|---|---|
| ’’وفی ذلك (أی فی حديث | یعنی اس حدیث میں کہ حلال نکاح |
| فصل ما بين الحلال والحرام | وحرام نکاح میں دف اور صوت کا |
| الدف والصوت فی النكاح) | فرق ہے، اس بات کی دلیل ہے کہ |
| دليل علی أنه يجوز فی النكاح | نکاح میں دف بجانا اور آواز بلند کرنا |
| ضرب الادفاف ورفع الاصوات | ایسے کلام کے ساتھ جائز ہے جو |
| بشیء من الكلام نحو أتيناكم | ’’أتیناکم أتیناکم‘‘ کے مثل |
| أتيناكم ونحوه لا بالاغانی | ہو، نہ ایسا گیت گانا جو برائیوں کو |
| المهيجة للشرور المشتملة | ہیجان میں لانے والا ہو، یعنی جو |
| علی وصف الجمال والفجور | بیانِ حسن وجمال اور فجور وشراب |

| | |
|---|---|
| ومعاقرة الخمور،فإن ذلك یحرم فی النکاح کما یحرم فی غیرہ،وکذلك سائر الملاھی المحرم | نوشی پر مشتمل ہو،اس واسطے کہ ایسا گیت نکاح میں بھی حرام ہے اور غیرِ نکاح میں بھی،اسی طرح تمام حرام کردہ موسیقی کے آلات نکاح میں بھی حرام ہیں اور غیر نکاح میں بھی حرام ہیں۔ |

اور یہی بات شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے کہی ہے،

اب دونوں لڑکے کافی ذہنی انتشار کا شکار ہوگئے تھے،

یہ جوانہوں نے حرام کہا ہے یہ اتنا آسان ہے کیا کسی بھی چیز کو حرام کہہ دو بغیر دلیل کے حالانکہ ڈاکٹر ذاکر نائیک نے آن ایئر کہا تھا کہ میوزک کی حرمت قران میں صراحت کے ساتھ نہیں ہے نا ہی کسی صحیح حدیث میں،

میں نے کہا جناب میں نے پہلے بھی کہا کہ اگر کوئی یہ کہتا ہے کہ مجھے قرآن میں اس کا حکم نہیں ملا تو اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ قرآن میں ہے ہی نہیں۔دیکھیں سورۃ نمبر 17 الِاسراء آیت نمبر 64 کا جزہے جس میں ابلیس سے اللہ پاک نے فرمایا:

وَاستَفزِز مَنِ استَطَعتَ مِنهُم بِصَوتِكَ

ترجمہ:تو ان میں سے جن کو اپنی آواز کے ساتھ پھسلا سکتا ہے پھسلا دے۔

امام مجاہد فرماتے ہیں صَوتِكَ سے مراد نغمہ اور آلاتِ موسیقی ہیں، دیکھیں اس

آیت میں نغمہ کو شیطان کی آواز کہا گیا ہے،

اسی طرح سورہ لقمان آیت 6 میں فرمان ہے

| | |
|---|---|
| وَ مِنَ النَّاسِ مَنۡ یَّشۡتَرِیۡ لَهۡوَ الۡحَدِیۡثِ لِیُضِلَّ عَنۡ سَبِیۡلِ اللّٰهِ بِغَیۡرِ عِلۡمٍ ٭ۖ وَّ یَتَّخِذَهَا هُزُوًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ مُّهِیۡنٌ ﴿۶﴾ | اور لوگوں میں سے جو شخص بیہودہ باتیں خریدتا ہے تاکہ بے اللہ کی راہ سے گمراہ کرے اور اس کا مذاق اڑائے ایسے ہی لوگوں کو ذلیل کرنے والا عذاب ہو گا |

## اس سے مراد گانا اور راگ ہے

اس آیت کی تفسیر میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں قسم اللہ کی اس سے مراد گانا اور راگ ہے۔ ایک اور جگہ ہے کہ آپ سے اس آیت کا مطلب پوچھا گیا تو آپ نے تین دفعہ قسم کھا کر فرمایا کہ اس سے مقصد گانا اور راگ اور راگنیاں ہیں۔ یہی قول حضرت ابن عباس، جابر، عکرمہ، سعید بن جبیر، مجاہد مکحول، عمرو بن شعیب، کا ہے۔ امام حسن بصری فرماتے ہیں کہ یہ آیت گانے بجانے باجوں گاجوں کے بارے میں اتری ہے۔ حضرت قتادۃ فرماتے ہیں کہ اس سے مراد صرف وہی نہیں جو اس لہو ولعب میں پیسے خرچے یہاں مراد خرید سے اسے محبوب رکھنا اور پسند کرنا ہے۔ انسان کو یہی گمراہی کافی ہے کہ لغوبات خریدنے سے مراد گانے والی لونڈیوں کی خریداری ہے چنانچہ ابن ابی حاتم وغیرہ میں رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کا فرمان ہے کہ گانے والیوں کی خرید و فروخت حلال نہیں اور ان کی قیمت کا کھانا حرام ہے انہی

کے بارے میں یہ آیت اتری ہے۔
میرے بھائی جب کسی عمل پر عذاب کی وعید سنائی جائے تو وہ وعید اس عمل کی حرمت کیلیے کافی ہے، آپ بتائیں کہ کونسے گانے پر دردناک عذاب کی سزا بیان فرمائی؟

## بخاری شریف سے حدیث

دونوں پر بالکل سکتہ طاری تھا، میں نے ان لوگوں کی روشن خیالی کے تابوت میں آخری کیل ٹھوکتے ہوئے بخاری شریف سے حدیث پیش کردی:

قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو عَامِرٍ أَوْ أَبُو مَالِكٍ الْأَشْعَرِيُّ، وَاللَّهِ مَا كَذَبَنِي: سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَيَكُونَنَّ مِنْ أُمَّتِي أَقْوَامٌ، يَسْتَحِلُّونَ الحِرَ وَالحَرِيرَ، وَالخَمْرَ وَالمَعَازِفَ، وَلَيَنْزِلَنَّ أَقْوَامٌ إِلَى جَنْبِ عَلَمٍ، يَرُوحُ عَلَيْهِمْ بِسَارِحَةٍ لَهُمْ، يَأْتِيهِمْ - يَعْنِي الفَقِيرَ - لِحَاجَةٍ فَيَقُولُونَ: ارْجِعْ إِلَيْنَا غَدًا، فَيُبَيِّتُهُمُ

فرمایا مجھ سے ابو عامر رضی اللہ عنہ یا ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا اللہ کی قسم انہوں نے جھوٹ نہیں بیان کیا کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت میں ایسے لوگ پیدا ہوجائیں گے جو زنا کاری، ریشم کا پہننا، شراب پینا اور گانے بجانے کو حلال بنالیں گے اور کچھ متکبر قسم کے لوگ پہاڑ کی

| | |
|---|---|
| اللَّهُ، وَيَضَعُ العَلَمَ، وَيَمْسَخُ آخَرِينَ قِرَدَةً وَخَنَازِيرَ إِلَى يَوْمِ القِيَامَةِ | چوٹی پر چلے جائیں گے۔ چرواہے ان کے مویشی صبح و شام لائیں گے اور لے جائیں گے۔ ان کے پاس ایک فقیر آدمی اپنی ضرورت لے کر جائے گا تو وہ ٹالنے کے لیے اس سے کہیں گے کہ کل آنا لیکن اللہ تعالیٰ رات کو ان کو (ان کی سرکشی کی وجہ سے) ہلاک کر دے گا پہاڑ کو (ان پر) گرا دے گا اور ان میں سے بہت سوں کو قیامت تک کے لیے بندر اور سور کی صورتوں میں مسخ کر دے گا۔ |

دیکھیں اس حدیث میں گانے بجانے کی حرمت کی دلیل دو وجہ سے پائی جاتی ہے

پہلی وجہ:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان: "وہ حلال کرلینگے"

یہ اس بات کی صراحت ہے کہ یہ مذکور اشیاء شریعت میں حرام ہیں، تو یہ لوگ انہیں حلال کرلینگے، اور ان مذکورہ اشیاء میں معازف یعنی گانے بجانے کے آلات بھی شامل ہیں، جو کہ شرعاً حرام ہیں جنہیں یہ لوگ حلال کرلینگے۔

**دوم:**

ان گانے بجانے والی اشیاء کو ان اشیاء کے ساتھ ملا کر ذکر کیا ہے جن کی حرمت قطعی طور پر ثابت ہے، اور اگر یہ حرام نہ ہوتی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اسے ان حرام اشیاء کے ساتھ ملا کر ذکر نہ کرتے "بس وہ شکست خوردہ ہو کر یا متحیر ہو کر میرا منہ تک رہے تھے

ٹرین نواب شاہ اسٹیشن پہنچ چکی تھی وہ دونوں نیچے اتر کر اسٹالز کی طرف بڑھ گئے..

ٹرین اپنی مخصوص رفتار سے چھک چھک کرتی ہوئے جانبِ حیدرآباد رواں دواں تھی مجھے ایسے لگ رہا تھا کہ میری باتیں ان پر بہت زیادہ اثر کر چکی ہیں شاید اسی لیے اب وہ مجھ سے مزید گفتگو کرنے سے گریز کر رہے تھے تقریباً 5 منٹ بعد ہی چائے والا آیا تو میں نے تین کپ چائے منگوا کر ان دونوں کو بھی دی اور پھر خود ہی گفتگو کا آغاز بھی کیا،

اسلام میں لفظِ سنت کی اہمیت و افادیت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں غامدی صاحب سنت کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟

انہوں نے جب دیکھا کہ گفتگو کا پہلو تبدیل ہوا ہے تو وہ شاملِ گفتگو ہو گئے اور غامدی صاحب کی کتاب اپنے موبائل میں نکال کر کہا کہ دیکھیں قرآن پاک میں ہے

| | |
|---|---|
| ثُمَّ اَوحَينَآ اِلَيكَ اَنِ اتَّبِع مِلَّةَ اِبرٰهِيمَ حَنِيفًا ۖ وَمَا كَانَ مِنَ المُشرِكِين | پھر ہم نے تمھیں وحی کی کہ ملت ابراہیم کی پیروی کرو جو بالکل یک سو تھا اور مشرکوں میں سے نہیں تھا |

اس ذریعے سے جو دین ہمیں ملا ہے، وہ یہ ہے:

۱۔اللہ کا نام لے کر اور دائیں ہاتھ سے کھانا پینا۔ ۲۔ملاقات کے موقع پر، السلام علیکم، اور اس کا جواب۔ ۳۔چھینک آنے پر ،الحمد للہ ، اور اس کے جواب میں ،یرحمك الله،۔ ۴۔نومولود کے دائیں کان میں اذان اور بائیں میں اقامت۔ ۵۔مونچھیں پست رکھنا۔ ۶۔ زیرناف کے بال مونڈنا۔ ۷۔بغل کے بال صاف کرنا۔ ۸۔ لڑکوں کا ختنہ کرنا۔ ۹۔بڑھے ہوئے ناخن کاٹنا۔ ۱۰۔ناک ،منہ اور دانتوں کی صفائی۔ ۱۱۔استنجا۔ ۱۲۔حیض و نفاس میں زن و شو کے تعلق سے اجتناب۔ ۱۳۔حیض و نفاس کے بعد غسل۔ ۱۴۔غسل جنابت۔ ۱۵۔میت کا غسل۔ ۱۶۔تجہیز و تکفین۔ ۱۷۔تدفین۔ ۱۸۔عید الفطر۔ ۱۹۔عید الاضحی۔ ۲۰۔اللہ کا نام لے کر جانوروں کا تذکیہ۔ ۲۱۔نکاح و طلاق اور ان کے متعلقات۔ ۲۲۔زکوٰۃ اور اس کے متعلقات۔ ۲۳۔نماز اور اس کے متعلقات۔ ۲۴۔روزہ اور صدقہ فطر۔ ۲۵۔اعتکاف۔ ۲۶۔قربانی۔ ۲۷۔حج و عمرہ اور ان کے متعلقات۔

## سنت کی تعریف

پھر کتاب میزان میں جو غامدی صاحب نے سنت کی تعریف کی وہ بھی دکھا دی کہ

،،سنت سے ہماری مراد دین ابراہیمی کی وہ روایت ہے جسے نبی ﷺ نے اس کی تجدید و اصلاح کے بعد اور اس میں بعض اضافوں کے ساتھ اپنے ماننے والوں میں دین کی حیثیت سے جاری فرمایا ہے۔

کیونکہ مجھے معلوم تھا کہ غامدی صاحب نے کس طرح اپنی طرف سے سنت کی تعریف گھڑ کے احادیث کی حجت اور دلیلِ شرعی ہونے کو مشکوک بنا دیا ہے اس لیے

ان کی تفصیلی گفتگو تحمل سے سنتا رہا اور وہ دل ہی دل میں پھولے نہیں سمار ہے تھے کہ مولوی نے یہ موضوعِ گفگتو چُن کر ہمارے لیے آسانی کر دی، بہر کیف جب ان لوگوں کی گفتگو مکمل ہوئی تو میں نے پوچھا کہ

اس کا مطلب کہ سنت صرف دین ابراہیمی کی روایات ہی ہیں جن کو نبی اکرم ﷺ نے رائج فرمایا؟

جی ایسا ہی ہے۔

دوست اس سے پہلے کہ میں سنت کی اس تعریف پر اعتراض کروں اور اس کی وجہ سے جن ضروریاتِ دین کا انکار لازم آتا ہے ان کی نشاندہی کروں کیا آپ مجھے یہ بتانا پسند کریں گے کہ غامدی صاحب نے جو یہ ستائیس سنتیں بیان کی ہیں ان سب کو کسی بھی کتاب یا بیان میں میں دین ابراہیمی تک صحیح روایات سے ثابت کیا ہے یا نہیں؟

ان کا جواب نفی ہی میں تھا۔

مزید کہا کہ

غامدی صاحب کیلیے فقط ان ستائیس سنتوں کا صحیح روایات سے حضرت ابراہیم علیہ السلام تک ثبوت نہیں بلکہ یا تو صحابہ کرام کے اجماع اور تواتر سے ثابت کرنا ضروری ہے جیسا کہ وہ خود اپنی کتاب میزان میں کہتے ہیں کہ میں نے ٹیبلیٹ میں کتاب کھولی صفحہ نمبر دس غامدی صاحب لکھتے ہیں کہ

سنت یہی ہے اور اس کے بارے میں یہ بالکل قطعی ہے کہ ثبوت کے اعتبار سے اس میں اور قرآن مجید میں کوئی فرق نہیں ہے۔ وہ جس طرح صحابہ کے اجماع اور قولی

تواتر سے ملا ہے، یہ اسی طرح ان کے اجماع اور عملی تواتر سے ملی ہے اور قرآن ہی کی طرح ہر دور میں امت کے اجماع سے ثابت قرار پائی ہے، لہٰذا اس کے بارے میں اب کسی بحث و نزاع کے لیے کوئی گنجایش نہیں ہے۔ دین لاریب، انھی دو صورتوں میں ہے۔ ان کے علاوہ کوئی چیز دین ہے اور نہ اسے دین قرار دیا جا سکتا ہے۔،،

جنابِ من دیکھ لیا آپ نے کہ جو چیز یا تو اجماعِ صحابہ سے تا متواتراً صحابہ سے منقول ہو تب وہ سنت بنے گی اس کا مطلب ہے کہ یا

غامدی صاحب کے نزدیک یہ ستائیس افعال یا تو اجماع صحابہ کرام علیہم الرضوان سے ثابت ہیں یا پھر کم سے کم متواترا نقل ہیں۔ اگر ایسا ہے تو کسی کتاب میں انہوں نے ان کا اجماع یا تواتر بیان کیا ہے؟

کہنے لگے میری معلومات میں نہیں ہے

اجماع اور متواتر کا مطلب آپ کو پتا ہی ہو گا؟

اجماع کا مطلب تمام کے تمام صحابہ کا اتفاق ثابت کرنا،

اور تواتر کا مطلب ہر زمانے میں اتنے کثیر افراد بیان کرنے والے ہوں کہ ان کا سب کا جھوٹ بولنا ناممکن ہو۔

تو اب ان ستائیس میں سے ہر ایک سنت کو اجماع یا تواتر سے نا کبھی غامدی صاحب نے ثابت ہے اور نا کبھی ثابت کر سکتے ہیں!

مزید میں نے کہا کہ دوسری بات کہ جب سنت کا ثبوت اجماعِ صحابہ یا متواتر طریقے سے ہونا چاہیے تو جو سنت کی تعریف ہے وہ تو بدرجہ اولیٰ و اتم اجماع صحابہ اور

تواتر سے ہونی چاہیے کیا غامد صاحب یہ تعریف تمام کے تمام صحابہ سے ثابت کر پائینگے ؟

میرے دوست سنت کی تعریف میں جو آیت غامدی صاحب نے پیش کی ہے اس کا صاف اور سیدھا مطلب نکلتا ہے کہ سنت وہی ہے جو اللہ پاک نے اپنے حبیب کی طرف ملتِ ابراہیمی میں سے وحی کی،

چلیں تمام نا ہی کم سے کم ہر زمانے میں اتنے کثیر افراد سے ثابت کر دیں کہ جن کا جھوٹ پر متفق ہونا محال ہو!

ان دونوں کو جیسے ایک بار پھر سکتہ طاری ہو گیا ہو۔

مجھے بتائیں کہ کیا یہ ستائیس سنن جو غامدی صاحب نے پیش کی ہیں، کیا وہ تمام کی تمام وحی الہی سے ثابت کر پائینگے ؟؟

یا وہ اس بات کا اقرار کرتے ہیں کہ یہ ستائیس سنتیں وحی سے ثابت نہیں ہیں ؟

ٹرین حیدرآباد اسٹیشن کے قریب پہنچ چکی تھی وہسل بج رہا تھا اور اس کے ساتھ ہی ان دونوں کے دل میں بھی ان کے گمان کے مطابق خطرے کی گھنٹیاں بج رہی تھی،

اسٹیشن پر ٹرین رکی تو میں نے پھر کہا کہ نماز پڑھ کر آتا ہوں اسی تعریف کی خطرناکیاں عرض کرتا ہوں،

نماز ادا کرنے کے بعد جب میں واپس اپنی برتھ پر پہنچا تو وہ دونوں غامدی صاحب ہی کا تذکرہ کر رہے تھے لیکن مجھے دیکھ کر خاموش ہو گئے، ٹرین حیدرآباد سے روانا ہو چکی تھی آہستا آہستا رفتار بڑھ رہی تھی ساتھ ساتھ ٹرین کے چلنے کی مخصوص آواز میں بھی

اضافہ ہوتا جارہا تھا،

میں نے اپنی بات کا تسلسل برقرار رکھنے کیلیے وہیں سے کلام شروع کیا کہ مجھے بتائیں کہ اگر کسی بھی مسلمان سے سوال کیا جائے کہ اسلام میں سنت سے مراد کیا ہے؟

تو وہ کیا جواب دے گا؟ سنتِ محمّدیہ یا سنتِ ابراہیمی؟

ان کو مجبوراً ہی سہی کہنا پڑا کہ

سنتِ محمدیہ ﷺ

میں نے جواباً کہا بالکل اس کا مطلب ہے کہ اسلام میں لفظ سنت تمام مسلمانوں کے نزدیک ہمارے نبی کریم ﷺ کے قول فعل اور تقریر پر بولا جاتا ہے جیسا کہ اہلسنت کی تمام کتب میں سنت کی تعریف منقول ہے

(قارئین کیلیے تقریر کی تعریف پیش کرنا ضروری ہے تقریر کا مطلب آپ ﷺ کے سامنے کوئی عمل کیا جائے تو اس پر آپ ﷺ نا روکیں نا منع کریں بلکہ اس پر دلالۃً رضامندی ثابت ہو)

| | |
|---|---|
| مَا صَدَرَ عَنْ النَّبِیِّ - عَلَیْهِ السَّلَامُ - غَیْرُ الْقُرْآنِ مِنْ قَوْلٍ أَوْ فِعْلٍ أَوْ تَقْرِیرٍ | جو نبی اکرم نور مجسم ﷺ قرآن کے علاوہ قول، فعل یا تقریر ثابت ہوا سے سنت کہا جاتا ہے، |

[التفتازانی، شرح التلویح علی التوضیح]

لہذا یہی واضح ہے کہ سنت سے مراد سنت محمدی ﷺ ہے نا کہ سنتِ ابراہیمی،

رہی بات غامدی صاحب کی پیش کردہ آیت تو اس سے میں ملتِ ابراہیمی سے مراد دین کی اساسی تعلیمات مراد ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کی ذات میں کسی کو شریک نا کرنا (توحید) اور اللہ پاک کا حد درجے کا مطیع و فرمانبردار رہنا

کیونکہ قرآن میں متعدّد مقامات پر ملتِ ابراہیم کا لفظ آیا ہے ملتِ ابراہیم کا مفہوم ہی یہی بیان ہوا کہ شرک سے پاک ملت ہے آپ اسی آیت کو دیکھیں کہ آخر میں ملتہ ابراہیم کی وضاحت کیا فرمائی ہے؟

سورت النحل

ثُمَّ اَوۡحَيۡنَاۤ اِلَيۡكَ اَنِ اتَّبِعۡ مِلَّةَ اِبۡرٰهِيۡمَ حَنِيۡفًا‌ ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ۝

ترجمہ: پھر ہم نے آپ کی طرف یہ وحی کی کہ آپ ملت ابراہیم کی پیروی کریں جو باطل سے دور تھے اور وہ مشرکین میں سے نہ تھے۔

اسی طرح سورہ انعام میں فرمایا آیت نمبر 161

قُلۡ اِنَّنِىۡ هَدٰٮنِىۡ رَبِّىۡۤ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ دِيۡنًا قِيَمًا مِّلَّةَ اِبۡرٰهِيۡمَ حَنِيۡفًا‌ ۚ - وَمَا كَانَ مِنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ

ترجمہ: آپ کہیے بیشک میرے رب نے مجھے صراط مستقیم کی ہدایت فرمائی ہے، مستحکم دین، ملت ابراہیم ہر باطل سے ممتاز، اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھے۔

اسی طرح سورہ آل عمران میں فرمایا آیت نمبر 95

قُلْ صَدَقَ اللّٰہُ۠-فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًاؕ-وَ مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ

ترجمہ: آپ کہیے کہ اللہ نے سچ فرمایا تم ابراہیم کی ملت کی پیروی کرو جو باطل کو چھوڑ کر حق کی طرف رجوع کرنے والے تھے اور وہ مشرکین میں سے نہ تھے

## سنت میری مراد

لہذا یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہوگئی کہ نا تو اصطلاح میں ملتِ ابراہیم سے مراد سنتِ ابراہیم مراد ہے اور نا ہی عرف میں سنت سے مراد سنتِ ابراہیم ہے

مجھے آپ یہ بتائیے کہ سنت کا تصور و تعریف جو غامدی صاحب نے بیان کی ہے وہ تعریف کسی اور نے بھی بیان کی ہے یا یہ غامدی صاحب کے ذہن کی اختراع ہے؟

جواب دیتے ہوئے کہا کہ آیت سے استدلال ہے ان کے ذہن کا اختراع نہیں

میں نے کہا اگر کل کو کوئی استدلال کرتے ہوئے یہ کہے کہ، سنت سے میری مراد دین آدم کی وہ روایت ہے...، تو یہ بھی جائز ہو گا اور کوئی دوسرا یہ کہے کہ، سنت سے میری مراد دین موسوی کی وہ روایت ہے...، تو یہ بھی جائز ہو گا۔ اس طرح ہر آدمی سنت کا اپنا مفہوم لے کر بیٹھا ہو گا۔

اس کا مطلب بالکل واضح کہ جو تعریف سنت کی ہمارے اسلاف بیان کر چکے ہیں اور وہی تعریف ہمارے عرف میں رائج بھی ہے تو تبدیل کرنے کی اجازت ہونی ہی نہیں چاہیے بالخصوص کہ جب وہ اصطلاح ماخذِ دین ہو اور دین کی بنیاد ہی سنت اور حدیث پر ہے

جب میں نے دیکھا کہ ان کی خوش فہمی دھویں کی طرح اڑے جا رہی ہے اور وہ ٹکٹکی باندھی مجھے ایسے دیکھ رہے جیسے اور ان کی زبان گُنگ ہوگئی ہو

صرف اتنا نہیں کہ غامدی صاحب کا استدلال ہی غلط ہے بلکہ اس سے بے انتہا خرابیاں لازم آتی ہیں

## سنت اور حدیث

پہلی بات تو آپ یہ سمجھ لیں کہ سنت اور حدیث میں حقیقت میں فرق نہیں کیونکہ اصولیین کے نزدیک

وتطلق سنته صلى الله عليه على الاحاديث المروية عنه صلى الله عليه وسلم،

یعنی آپ ﷺ کی سنت کا اطلاق ان احادیث پر ہوتا ہے جو آپ ﷺ سے مروی ہیں

سنت اور حدیث ایک ہی معنٰی پر بولے جاتے ہیں، وہ اسطرح کہ سنت اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال، افعال، تقریرات کا نام ہے۔ جبکہ ان تینوں چیزوں کی آپ ﷺ، کی طرف نسبت حدیث کہلاتی ہے۔یعنی آپ ﷺ کے کسی قول، فعل، تقریر یا صفت کو جب کوئی صحابی رضی اللہ عنہ اللہ رسول کی طرف منسوب کرتا ہے تو صحابی رضی اللہ عنہ کی آپ ﷺ، کی طرف اس نسبت کو حدیث کہتے ہیں۔ سنت اگر اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال، افعال، تقریرات اور اوصاف کا نام ہے تو حدیث اس کی روایت کا نام ہے۔

## سنتیں فقط ستائیس

اب دیکھیں اگر سنتیں فقط ستائیس بقول غامدی صاحب کے تو باقی سنتوں اور احادیث کا کیا کریں گے ؟

جبکہ آئمہ محدثین کو لاکھوں آحادیث صحیح اسناد کے ساتھ بیان کر رہے ہیں جن سے شریعت کے ہزاروں مسائل اخذ کیے جاتے ہیں اس سے تو شریعت کا اصل ماخذ کا ہی باب مسدود ہو جائے گا احادیث کے اسی ذخیرے سے سنت کا تعین اور انتخاب ہوتا ہے، اس لیے دین میں سنت کے حجت ہونے کے ساتھ ساتھ اس کے ماخذ کی حیثیت سے حدیث نبوی بھی حجت کا درجہ رکھتی ہے

## سنت فقط روایاتِ ابراہیمی؟

دوسری تباہ کن بات یہ بھی ہے کہ غامدی صاحب کے نزدیک سنت فقط روایاتِ ابراہیمی کو باقی رکھنے اور خبر دینے کی حد تک سنت کا کردار ہے جبکہ در حقیقت سنت انشا کے درجے میں بہت سے نئے احکام اور قوانین کا اضافہ اور ثبوت بھی کرتی ہے،

اسی طرح جمہور امت کے نزدیک حدیث و سنت صرف عمل کا فائدہ نہیں دیتی، بلکہ وہ علم کا ماخذ بھی ہے اور ہر دور میں علمائے امت نے حدیث و سنت کے ذخیرے سے عمل میں راہ نمائی حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ اس سے ،،علم،، کے باب میں بھی استفادہ کیا ہے۔ مثلاً عقیدہ کا تعلق خالصتاً ،،علم،، سے ہے اور جمہور امت کے نزدیک جو باتیں عقائد و ایمانیات میں شامل ہیں، ان کی بنیاد صرف قرآن کریم پر ہی نہیں ہے، بلکہ حدیث و سنت کو بھی ایمانیات و عقائد کے تعین اور تعبیر و تشریح دونوں حوالوں سے

ماخذ کی حیثیت حاصل ہے۔ اور جس طرح قرآن کریم کے ارشادات ہمارے عقیدہ و ایمان کا حصہ بنتے ہیں، اسی طرح جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمودات بھی ایمان و عقیدہ کی بنیاد اور اساس ہیں

عقیدے کے تعین اور تعبیر کیلیے زمانہِ صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم میں ہی سنت کی طرف رجوع کرتے تھے اس حوالے سے امام مسلم کی روایات پیش کرتا ہوں

امام مسلم نے ،،صحیح مسلم،، کی ایک روایت میں یہ واقعہ نقل کیا ہے کہ یحیٰ بن یعمر علیہ الرحمہ نے، جو تابعین میں سے ہیں، بیان کیا کہ جب بصرہ میں معبد جہنی نے تقدیر کے انکار کی بات کی تو میں اور حمید بن عبدالرحمن حج یا عمرہ کے لیے روانہ ہوئے اور ہم نے آپس میں مشورہ کیا کہ ہمیں صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین میں سے کسی بزرگ کی زیارت نصیب ہوگئی تو ہم ان سے معبد جہنی کے اس عقیدے کے بارے میں دریافت کریں گے۔ ہمیں اس سفر میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی زیارت کا شرف حاصل ہوگیا۔ ہم نے ان سے عرض کیا کہ ہمارے علاقے میں کچھ لوگ ہیں جو قرآن کریم بھی پڑھتے ہیں اور علم کی باتیں بھی خوب کرتے ہیں، لیکن اس کے ساتھ یہ بھی کہتے ہیں کہ تقدیر کوئی چیز نہیں ہے اور دنیا میں جو کام بھی ہوتا ہے، نئے سرے سے ہوتا ہے (یعنی پہلے سے اس کے بارے میں کچھ لکھا ہوا نہیں ہے)۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے جواب میں فرمایا

قَالَ: «فَإِذَا لَقِيتَ أُولَئِكَ کہ جب تم واپس جا کر ایسے لوگوں

فَأَخْبِرْهُمْ أَنِّي بَرِيءٌ مِنْهُمْ، سے ملو تو انھیں میری طرف سے

وَأَنَّهُمْ بُرَآءُ مِنِّی»، وَالَّذِی يَحْلِفُ بِهِ عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ «لَوْ أَنَّ لِأَحَدِهِمْ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا، فَأَنْفَقَهُ مَا قَبِلَ اللهُ مِنْهُ حَتَّى يُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ»

کہہ دو کہ میں ان سے براءت کا اعلان کرتا ہوں اور وہ مجھ سے بری ہیں اور وہ جب تک تقدیر پر ایمان نہیں لائیں گے، اگر احد پہاڑ جتنا سونا بھی اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کر دیں تو ان سے وہ ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا۔ اس کے بعد حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک طویل حدیث سنائی جس میں ایمانیات کا ذکر کرتے ہوئے جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ وتؤمن بالقدر خیرہ و شرہ۔ تم تقدیر پر بھی ایمان لاؤ کہ خیر اور شر سب کچھ اللہ تعالیٰ کے علم کے مطابق ہوتا ہے۔

اسی طرح دوسرا واقعہ بھی امام مسلم نے کتاب الایمان میں ذکر کیا ہے، اس میں ایک اور تابعی بزرگ حضرت یزید الفقیر فرماتے ہیں کہ میں خوارج کے اس عقیدہ سے

متاثر تھا کہ جو شخص ایک بار جہنم میں چلا گیا، وہ وہاں سے کبھی نہیں نکلے گا اور شفاعت کوئی چیز نہیں ہے، مگر مجھے ایک مرتبہ بہت سے دوستوں کے ساتھ حج کے لیے جانے کا موقع ملا تو مدینہ منورہ میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کو مسجد نبوی میں دیکھا کہ وہ ایک ستون کے ساتھ ٹیک لگائے لوگوں کو وعظ فرما رہے تھے۔ انھوں نے اپنی گفتگو میں کچھ لوگوں کے جہنم سے نکل کر جنت میں جانے کا ذکر کیا تو میں نے سوال کر دیا کہ حضرت! قرآن کریم تو کہتا ہے کہ ربنا انك من تدخل النار فقد اخزیته۔ اے اللہ، جس کو تو نے جہنم میں داخل کیا تو اسے رسوا کر دیا۔ اور قرآن کریم میں ہے کہ کلما ارادوا ان یخرجوا منہا اعیدوا فیہا، جہنم سے جب بھی لوگ نکلنے کا ارادہ کریں گے تو اسی میں لوٹا دیے جائیں گے۔ تو اس کے بعد آپ حضرات یہ کیا کہہ رہے ہیں کہ شفاعت ہوگی اور کچھ لوگوں کو جہنم میں سے نکالا جائے گا؟ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کے جواب میں فرمایا:

| | |
|---|---|
| قَالَ: «فَهَلْ سَمِعْتَ بِمَقَامِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ - يَعْنِي الَّذِي يَبْعَثُهُ اللهُ فِيهِ -؟» قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: «فَإِنَّهُ مَقَامُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَحْمُودُ الَّذِي يُخْرِجُ اللهُ بِهِ مَنْ يُخْرِجُ»، | کہ کیا تم نے قرآن کریم پڑھا ہے؟ میں نے اثبات میں جواب دیا تو فرمایا کہ کیا اس میں جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ،،مقام محمود،، کا تذکرہ بھی پڑھا ہے؟ میں نے عرض کیا کہ ہاں پڑھا ہے تو اس پر حضرت جابر بن عبد اللہ |

نے ایک طویل حدیث سنائی جس
میں جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا کہ وہ قیامت کے دن
,,مقام محمود،، میں کھڑے ہو کر
شفاعت کریں گے اور ان کی
شفاعت پر بے شمار لوگوں کو جہنم
سے نکال کر جنت میں داخل کیا
جائے گا، جبکہ وہ آگ میں جل کر
کوئلہ ہو چکے ہوں گے۔

یزید الفقیر فرماتے ہیں کہ حضرت جابر سے یہ حدیث سن کر ہم نے آپس میں گفتگو کی اور ایک دوسرے سے کہا کہ تمہارے لیے بربادی ہو، کیا یہ بزرگ جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے جھوٹ بول رہے ہیں؟ چنانچہ ایک شخص کے سوا ہم سب رفقاء نے اپنے سابقہ عقیدے سے رجوع کر لیا۔

ان دونوں واقعات پر غور کریں کہ عقیدے کے سوال کے جواب میں صحابہ کرام نے کیا فرمایا؟

ہو سکے تو صحیح مسلم میں انھیں براہ راست بھی دیکھ لیجیے، ان میں عقیدہ کی بات ہے۔ اور ایک واقعہ میں تو اشکال کے لیے قرآن کریم کی دو آیات کا حوالہ دیا گیا ہے، عقیدہ کی وضاحت کے لیے صحابہ کرام سے رجوع کیا گیا ہے، دونوں بزرگوں یعنی حضرت عبد

اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ نے عقیدہ کی وضاحت کے لیے حدیث نبوی پیش کی ہے، اور پوچھنے والوں نے اسے کافی سمجھتے ہوئے اپنے عقیدہ کو درست کرلیا ہے۔

اتنی تفصیل کے بعد ہر ذی شعور سمجھ سکتا ہے کہ سنت اور حدیث کے اتنے وسیع اور اساسی ماخذِ دین کو فقط ستائیس سنن تک محدود رکھنا یقیناً دین کے سمجھنے اور سمجھانے کے ساتھ بہت بڑی ناانصافی ہوگی جو کہ در حقیقت منکرینِ حدیث کی سوچی سمجھی سازش ہی ہے۔

گاڑی اپنی منزل یعنی کراچی پہنچنے والی تھی اور اس کے ساتھ ساتھ ان دونوں نوجوانوں کی سوچ بھی اپنی منزل یعنی حق کو سمجھنے اور قبول کرنے کیلیے تیار ہوچکی تھی جس کا اندازہ مجھے ان کے جانے سے پہلے گرمجوشی کے ساتھ ملنے اور رابطہ نمبر لینے سے ہوا۔

# ہماری دوسری اردو کتابیں

| | |
|---|---|
| بہار تحریر (اب تک چودہ حصے)۔عبد مصطفی آفیشل | اللہ تعالی کو اوپر والا یا اللہ میاں کہنا کیسا؟۔عبد مصطفی |
| اذان بلال اور سورج کا نکلنا۔عبد مصطفی | عشق مجازی (منتخب مضامین کا مجموعہ)۔عبد مصطفی آفیشل |
| گانا بجانا بند کرو، تم مسلمان ہو!۔عبد مصطفی | شب معراج غوث پاک۔عبد مصطفی |
| شب معراج نعلین عرش پر۔عبد مصطفی | حضرت اویس قرنی کا ایک واقعہ۔عبد مصطفی |
| ڈاکٹر طاہر اور وقار ملت۔عبد مصطفی | مقرر کیسا ہو؟۔عبد مصطفی |
| غیر صحابہ میں ترضی۔عبد مصطفی | اختلاف اختلاف اختلاف۔عبد مصطفی |
| چند واقعات کربلا کا تحقیقی جائزہ۔عبد مصطفی | بنت حوا (ایک سنجیدہ تحریر)۔کنیز اختر |
| سیکس نالج (اسلام میں صحبت کے آداب)۔عبد مصطفی | حضرت ایوب علیہ السلام کے واقعے پر تحقیق۔عبد مصطفی |
| عورت کا جنازہ۔جناب غزل صاحبہ | ایک عاشق کی کہانی علامہ ابن جوزی کی زبانی۔عبد مصطفی |
| آئیے نماز سیکھیں (حصہ 1)۔عبد مصطفی | قیامت کے دن لوگوں کو کس کے نام کے ساتھ پکارا جائے گا۔عبد مصطفی |
| محرم میں نکاح۔عبد مصطفی | روایتوں کی تحقیق (پہلا حصہ)۔عبد مصطفی |
| روایتوں کی تحقیق (دوسرا حصہ)۔عبد مصطفی | بریک اپ کے بعد کیا کریں؟۔عبد مصطفی |
| ایک نکاح ایسا بھی۔عبد مصطفی | کافر سے سود۔عبد مصطفی |
| میں خان تو انصاری۔عبد مصطفی | روایتوں کی تحقیق (تیسرا حصہ)۔عبد مصطفی |
| جرمانہ۔عبد مصطفی | لا الہ الا اللہ، چشتی رسول اللہ؟۔عبد مصطفی |
| تحقیق عرفان فی تخریج شمول الاسلام۔عرفان برکاتی | اصلاح معاشرہ (منتخب احادیث کی روشنی میں)۔عرفان برکاتی |
| کلام عبید رضا۔عبد مصطفی آفیشل | مسائل شریعت (جلد 1)۔سید محمد سکندر وارثی |
| اے گروہ علما کہہ دو میں نہیں جانتا۔مولانا حسن نوری گونڈوی | سفرنامہ بلاد خمسہ۔عبد مصطفی |
| منصور حلاج۔عبد مصطفی | مقام صحابہ امام احمد بن حنبل کی نظر میں۔علامہ وقار رضا قادری |
| مفتی اعظم ہند اپنے فضل و کمال کے آئینے میں۔مولانا محمد سلیم رضوی | سفرنامہ عرب۔مفتی خالد ایوب مصباحی شیرانی |
| تحریرات لقمان۔علامہ قاری لقمان شاہد | من سب نبیا فاقتلوہ کی تحقیق۔زبیر جمالوی |
| طاہر القادری کی 1700 تصانیف کی حقیقت۔مفتی خالد ایوب مصباحی | فرضی قبریں۔عبد مصطفی |

| | |
|---|---|
| سنی کون؟ وہابی کون؟- عبد مصطفی | علم نور ہے- محمد شعیب جلالی عطاری |
| یہ بھی ضروری ہے- محمد حاشر عطاری | مومن ہو نہیں سکتا- فہیم جیلانی مصباحی |
| جہان حکمت- محمد سلیم رضوی | ماہ صفر کی تحقیق- مولانا محمد نیاز عطاری |
| فضائل و مناقب امام حسین- ڈاکٹر فیض احمد چشتی | شان صدیق اکبر بزبان محبوب اکبر- امام جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ |
| تحریرات بلال- مولانا محمد بلال ناصر | معارف اعلی حضرت- سید بلال رضا عطاری و رفقا |
| نگارشات ہاشمی- مولانا محمد بلال احمد شاہ ہاشمی | ماہنامہ التحقیقات- ربیع الاول 1444ھ کا شمارہ |
| امیر معاویہ پہلی تین صدیوں کے اسلاف کی نظر میں- مبشر تنویر نقشبندی | زر خانۂ اشرف- محمد منیر احمد اشرفی |
| حضرت خضر علیہ السلام ایک تحقیقی جائزہ- محمود اشرف عطاری | ایمان افروز تحاریر- محمد ساجد مدنی |
| انبیا کا ذکر عبادت ایک حدیث کی تحقیق- اسعد عطاری مدنی | رشحات ابن حجر- فرحان خان قادری (ابن حجر) |
| تجلیات احسن (جلد 1)- محمد فہیم جیلانی احسن مصباحی | درس ادب- غلام معین الدین قادری |
| تحریرات شعیب (الحنفی البریلوی)- محمد شعیب عطاری جلالی | حق پرستی اور نفس پرستی- علامہ طارق انور مصباحی |
| خوان حکمت- محمد سلیم رضوی | صحابہ یا طلقاء؟- مبشر تنویر نقشبندی |
| روشن تحریریں- ابو حاتم محمد عظیم | تحریرات ندیم- ابن جاوید ابو ادب محمد ندیم عطاری |
| امتحان میں کامیابی- ابن شعبان چشتی | اہمیتِ مطالعہ- دانیال سہیل عطاری |
| دعوت انصاف- علامہ ارشد القادری رحمہ اللہ | ہندستان دار الحرب یا دار الاسلام؟- عبد مصطفی |
| حسام الحرمین کی صداقت کے صد سالہ اثرات- محمد ساجد قادری کٹیہاری | تحریرات ابن جمیل- ابن جمیل محمد خلیل |
| ماہنامہ التحقیقات (ربیع الآخر 1444ھ کا شمارہ) | مسئلۂ استمداد- محمد مبشر تنویر نقشبندی |
| حضرت امیر معاویہ اور مجدد الف ثانی - محمد مبشر تنویر نقشبندی | میرے قلم دان سے (جلد 1) - احمد رضا مغل |
| عوامی باتیں (حصہ 1) - فیصل بن منظور | تحقیقات اویسیہ (جلد 1) - علامہ اویس رضوی عطاری |
| امیر المجاہدین کے آثار علمیہ- محمد آصف اقبال مدنی عطاری | رافضیوں کا رد- امام اہل سنت، اعلی حضرت رحمہ اللہ |

# DONATE

## ABDE MUSTAFA OFFICIAL

**Abde Mustafa Official** is a team from Ahle Sunnat Wa Jama'at working since 2014 on the Aim to propagate Quraan and Sunnah through electronic and print media. We're working in various departments.

**(1) Blogging :** We have a collection of Islamic articles on various topics. You can read hundreds of articles in multiple languages on our blog.
**amo.news/blog**

**(2) Sabiya Virtual Publication**
This is our core department. We are publishing Islamic books in multiple languages. Have a look on our library **amo.news/books**

**(3) E Nikah Matrimonial Service**
E Nikah Service is a Matrimonial Platform for Ahle Sunnat Wa Jama'at. If you're searching for a Sunni life partner then E Nikah is a right platform for you.
**www.enikah.in**

**(4) E Nikah Again Service**
E Nikah Again Service is a movement to promote more than one marriage means a man can marry four women at once, By E Nikah Again Service, we want to promote this culture in our Muslim society.

**(5) Roman Books**
Roman Books is our department for publishing Islamic literature in Roman Urdu Script which is very common on Social Media.

read more about us on **amo.news**
For futher inquiry: info@abdemustafa.in

**SCAN HERE**

PhonePe G Pay Paytm
**9102520764**

**BANK DETAILS**
Account Details :
**Airtel Payments Bank**
Account No.: 9102520764
(Sabir Ansari)
IFSC Code : AIRP0000001

or open this link | amo.news/donate



فتنۂ غامدیت پر مکالمہ

A

**Abde Mustafa Official** is a team from Ahle Sunnat Wa Jama'at working since 2014 on the Aim to propagate Quraan and Sunnah through electronic and print media. We're working in various departments.

**(1) Blogging :** We have a collection of Islamic articles on various topics. You can read hundreds of articles in multiple languages on our blog.

**blog.abdemustafa.in**

**(2) Sabiya Virtual Publication**

This is our core department. We are publishing Islamic books in multiple languages. Have a look on our library **books.abdemustafa.in**

**(4) E Nikah Matrimonial Service**

E Nikah Service is a Matrimonial Platform for Ahle Sunnat Wa Jama'at. If you're searching for a Sunni life partner then E Nikah is a right platform for you.

**www.enikah.in**

**(4) E Nikah Again Service**

E Nikah Again Service is a movement to promote more than one marriage means a man can marry four women at once, By E Nikah Again Service, we want to promote this culture in our Muslim society.

**(5) Roman Books**

Roman Books is our department for publishing Islamic literature in Roman Urdu Script which is very common on Social Media.

read more about us on **www.abdemustafa.in**

For futher inquiry: info@abdemustafa.in

M O

AMO
ABDE MUSTAFA OFFICIAL

SABIYA
VIRTUAL PUBLICATION

ISBN (N/A)